سالانہ امتحان | معاشیات | 2010-2011

حصہ "الف" (کثیر انتخابی سوالات MCQ's)

سوال ا: درج ذیل سوالات کے صحیح جواب منتخب کریں،

ا۔ معاشیات کی دنیا میں پروفیسر ________ کا نام بہت مشہور ہے
(الفریڈ مارشل آدم اسمتھ بوعلی سینا)

۲۔ عاملین پیدائش ________ قسم کے ہوتے ہیں
(تین چار پانچ)

۳۔ ________ جامد ہے اس کو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل نہیں کیا جاسکتا۔
(دولت زر زمین)

۴ محنت ہمیشہ حرکت میں رہتی ہے۔ معاشیات کی زبان میں اسے محنت کی نقل پذیری یا محنت کی ________ کہا جاتا ہے۔
(حرکت پذیری غیر حرکت پذیری جامد پذیری)

۵۔ ________ وہ دولت ہے جو مزید دولت پیدا کرنے میں موزوں ہو۔
(سونا سرمایہ زمین)

۶ 1950ء کے بعد خصوصاً بلوچستان میں ________ کی تلاش کا منصوبہ بنایا گیا اور اس سلسلے میں پہلی کامیابی 1952ء میں ہوئی۔
(پیٹرول تیل سونا)

۷۔ سوئی کے مقام پر ________ کے ذخائر دریافت ہوئے
(گیس پیٹرول کوئلہ)

۸۔ پاکستان میں شرح پیدائش ________ فی ہزار ہے جبکہ شرح اموات بارہ افراد فی ہزار ہے۔
(42افراد 55افراد 50افراد)

۹۔ بچت اور سرمایہ کاری کا نظریہ "________" نے پیش کیا ہے
(کینز آدم اسمتھ مارشل)

۱۰۔ ________ میں مارکیٹ، منڈی یا بازار سے مراد وہ جگہ ہے جہاں خریدار اور فروخت کرنے والے ایک دوسرے سے آزادانہ سودا کرتے ہیں۔
(معاشیات کیمیا سائیکولوجی)

۱۱۔ ________ وہ علم ہے جو انسان کے طرز عمل کا مطالعہ کرتا ہے۔
(معاشیات قانون ڈاکٹری)

۱۲ "سرمایہ" کے معاوضہ کی ادائیگی کو........... کہا جاتا ہے
(اجرت نفع سود)

۱۳ "لگان" کا سب سے مشہور نظریہ........... نے پیش کیا
(ریکارڈو آدم اسمتھ مالتھس)

۱۴ انسانی احتیاجات........... ہیں
(محدود لامحدود یکساں)

۱۵ نظریہ آبادی........... نے پیش کیا
(آدم اسمتھ مالتھس مارشل)

حصہ "ب" (مختصر جوابات کے سوالات)

نوٹ: درج ذیل سوالات میں کوئی بھی آٹھ سوال حل کریں ہر سوال کے نمبر مساوی ہیں۔

سوال ۲: معاشی احتیاجات سے کیا مراد ہے؟ معاشی احتیاجات کی خصوصیات تفصیل سے بیان کریں۔

سوال ۳: قیمت کا تعین کس طرح ہوتا ہے؟ خاکہ اور گوشوارہ کی مدد سے بیان کیجئے۔

سوال ۴: قانون طلب کی تعریف اور اسکی وضاحت کریں نیز اس کے مفروضات بھی لکھئے۔

سوال ۵: مندرجہ ذیل میں سے کسی تین پر مختصر نوٹ لکھیں؟

1: افادہ 2: قدر 3: سرمایہ 4: اعتباری زر

سوال ۶: بینک کی تعریف کریں اور تجارتی بینک کے اہم فرائض لکھیں۔

سوال ۷: غیر ملکی تجارت سے کیا مراد ہے؟ اس کے فائدے اور نقصانات بیان کریں۔

سوال ۸: معاشی زندگی کے ارتقاء سے کیا مراد ہے؟ مختلف ارتقائی ادوار بیان کریں۔

سوال ۹: مندرجہ ذیل بنیادی تصورات کی تعریف اور وضاحت مثالوں کے ذریعے کریں۔

قومی آمدنی خام داخلی پیداوار صرف

سوال ۱۰: رسد کی تعریف بیان کریں اور یہ بتائیں کہ رسد میں تبدیلی کن عوامل کی بناء پر ہوتی ہے۔

حصہ "ج" (تفصیلی جوابات کے سوالات)

نوٹ: درج ذیل سوالات میں کوئی بھی تین سوال حل کریں۔

وال ۱۱: "زر" کی تعریف کریں اور اس کے وظائف بیان کریں؟

سوال ۱۲: پاکستان میں غربت کے اسباب کیا ہیں؟ آپ ان کو دور کرنے کیلئے کیا تجاویز دیں گے؟

سوال ۱۳: سرکاری مالیت سے کیا مراد ہے؟ سرکاری آمدنی کے ذرائع بیان کریں؟

سوال ۱۴: پیدائش دولت سے کیا مراد ہے؟ اور مختلف عاملین پیدائش کو مختصر بیان کریں۔

سوال ۱۵: وفاقی حکومت کی آمدنی کے ذرائع اور اخراجات کی مدیں بیان کریں۔

سوال ۱۶: مندرجہ ذیل میں سے کسی تین پر مختصر نوٹ لکھئے۔

(۱) کمیابی (۲) نفع ونقصان کا اکاؤنٹ
(۳) دولت (۴) زر کی قدر